Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · KUFA

Mosque of Sa’sa

مسجدِ صعصعہ

Next to the mosque of Zaid ibne Sawhaan, there is the mosque of Sasa ibn Sawhaan, Zaid’s brother. Sa’sa was also one of the intimate companions of Imam Ali (a). He was one of the well-versed scholars of religious knowledge and one of the faithful believers. He was so eloquent that Imam Ali (a) called him as khatib al-Shahshah (the skillful orator) and praised him for his rhetoric and expressiveness. The Imam (a) also praised Sa’sa for his asceticism and aid.

حضرت زید کی مسجد کے قریب ان کے بھائی صعصعہ ابن صوحان کی مسجد بھی ہے اور وہ بھی امیر المومنینؑ کے اصحاب میں سے تھے کہ صاحبانِ ایمان اور حقِ امیر المومنینؑ کے عارف سمجھے جاتے تھے وہ اس قدر فصیح و بلیغ تھے کہ امیر المومنینؑ انہیں خطیب شحشح (وسعتِ بیان والا مقرر) کہا کرتے تھے اور ان کی خطابت و فصاحت کو بہت سراہا کرتے تھے۔ امیر المؤمنینؑ نے انہیں کم خرچ اور زیادہ مدد کرنے والے کا لقب دیا جس رات آپ نے دنیا سے رحلت فرمائی اور آپ کے فرزند آپ کے جنازے کو کوفہ سے نجف لے جارہے تھے تو صعصعہ تشییع جنازہ کرنے والوں میں سے تھے۔

Having attended the funeral ceremony of Imam Ali’s holy body at night from Kufa to Najaf, Sa’sa was present; and when Imam Ali’s body was buried, Sa’sa stopped at the tomb, took a handful of its dust, dispersed it on his head, and said, “May Allah accept my father and mother as ransoms for you, O Commander of the Believers! Congratulations, Abul Hasan! Your birth was uniquely excellent, your steadfastness was typically firm, and your striving was outstandingly great. You have thus attained that for which you hoped, your trade has been successful, and you have joined your Lord....”

جب حضرتؑ کو دفن کیا جا چکا تو صعصعہ نے حضرتؑ کی قبر کے پاس کھڑے ہو کر ایک مٹھی خاک لی اور اسے اپنے سر میں ڈالتے ہوئے کہا: امیر المومنینؑ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! خدا کی دی ہوئی بڑائیاں آپ کو مبارک ہوں، بے شک آپ کی پیدائش پاکیزہ اور آپ کا صبر عظیم تھا۔ آپ کا جہاد شان دار تھا اور جس چیز کی آرزو کی تھی اسے حاصل کرلیا ہے۔ آپ نے بہت نفع بخش تجارت کی اور اپنے رب کے حضور پہنچ گئے۔ آپ ایسے بہت سے کلمات کہتے اور گریہ کرتے رہے اور وہاں موجود افراد کو رلاتے رہے۔

Free to read, copy and share

Sa'sa went on in the same style and he then wept so heavily that all those who were present could not resist weeping. Hence, Sa'sa held and orated in a consolation ceremony at midnight in the presence of Imam Hasan, Imam Husain, Muhammad ibn Hanafiya, Abbas, and the other sons and cousins of Imam Ali peace be upon them all. When Sa'sa finished his oration, the attendants turned to Imam Hasan and Imam Husain to console them for their father's martyrdom. They then returned to Kufa.

حقیقت یہ ہے کہ امیر المومنینؑ کی قبر پر پہلی مجلس رات کے اندھیرے میں برپا ہوئی، جس میں صعصعہ ابن صوحان ذاکر تھے اور سامعین میں امام حسنؑ، امام حسینؑ' حضرت محمد ابن حنفیہ، حضرت عباسؑ اور مولا علیؑ کے دیگر فرزندان اور آپ کے متعلقین تھے جب مجلس میں بیان کیے جانے والے یہ کلمات اختتام کو پہنچے تو حاضرین امام حسنؑ، امام حسینؑ اور تمام فرزندوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ان کو والد گرامی کا پرسہ دیا۔ ان کی دل جوئی کی (تسلی دی) اور پھر سب کے سب کوفہ لوٹ آئے۔

In conclusion, Sa'sa Mosque is also one of the holy places in the city of Kufah. A group of our scholars have seen Imam Mahdi (a) offering a 2 rakat namaz there during the month of Rajab. He then said the dua Allahumma ya zal menane (https://fzic.org/library/dua/allahumma-ya-zal-menane-2685).

مختصر یہ کہ مسجد صعصعہ ابن صوحان کوفہ کی محترم مسجدوں میں سے ہے اور ایک گروہ نے ماہِ رجب میں اسی مسجد میں امام العصر (عج) کو دیکھا کہ آپ نے وہاں ۲ رکعت نماز ادا کی جس کے بعد آپ دعا اَللّٰھُمَّ یَا ذَاالْمِنَنِ (https://fzic.org/library/dua/allahumma-ya-zal-menane-2685) پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/mosque-of-sasa-3121 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.